حکومت گلگت بلتستان

No.1910/DHS-G/Stores/2024

از دفتر ناظم صحت علاقائی خطہ گلگت

مورخہ: 3rd جولائی، ۲۰۲۵

## ٹینڈر نوٹس:

ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز گلگت کے دفتر سے مالی سال 2025-26 کے دوران ریگولر اور ڈویلپمنٹ بجٹ کے تحت مختلف اشیاء کی خریداری اور مرمت کے کاموں کے لیے سرکاری طور پر رجسٹرڈ اور بااعتماد فرمز سے مہر بند ٹینڈر طلب کیے جاتے ہیں۔

ٹینڈرز درج ذیل شیڈول کے مطابق ڈائریکٹریٹ ہیلتھ گلگت ریجن، جوٹیال گلگت میں کھولے جائیں گے:

| نمبر شمار | مدِ حساب | زرِ ضمانت | ٹینڈر فیس | بولی جمع کروانے کی تاریخ و وقت | بولی کھولنے کی تاریخ و وقت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | اسٹیشنری اشیاء کی خریداری | 50,000روپے | 2,000روپے | 24-07-2025، صبح 11:30 بجے | 24-07-2025، دوپہر 12:00 بجے |
| ۲۔ | گاڑیوں کی مرمت، ٹائروں اور انجن آئل کی سپلائی | 1,00,000روپے | 4,000روپے | ایضاً | ایضاً |
| ۳۔ | پرنٹنگ اور اشاعت | 1,00,000روپے | 4,000روپے | ایضاً | ایضاً |
| ۴۔ | متفرق اشیاء کی خریداری | 50,000روپے | 2,000روپے | ایضاً | ایضاً |
| ۵۔ | ادویات کی لوکل خریداری | 10,000روپے | 2,000روپے | ایضاً | ایضاً |

## شرائط و ضوابط:

۱۔ اشیاء کی تفصیلی فہرست اور شرائط و ضوابط ہیلتھ ڈائریکٹوریٹ گلگت کے اسٹور سیکشن سے دفتر کے اوقات کار میں کسی بھی ورکنگ ڈے پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔

۲۔ گلگت بازار میں اسٹیشنری، آٹو ورکشاپ، پرنٹنگ پریس، میڈیکل سٹور اور جنرل اسٹور کی موجودگی ضروری ہے تاکہ متعلقہ اشیاء کی بروقت سپلائی یا مرمت کو یقینی بنایا جاسکے۔

۳۔ سپلائی آرڈر کا اجرا متعلقہ مد کے بجٹ کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

۴۔ ٹینڈرز کی کاروائی GB-PPRA رولز 2022 کے سیکشن 39 (a) کے تحت سنگل اسٹیج، سنگل لفافہ طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی۔

۵۔ تمام بولیاں 30 جون 2026 تک قابلِ قبول ہوں گی۔

۶۔ اگر ٹینڈر کھولنے کی تاریخ کو کوئی قومی یا مقامی تعطیل ہو، تو ٹینڈر اگلے دفتری اوقات میں اسی وقت پر کھولا جائے گا۔

۷۔ مجاز افسر کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی یا تمام ٹینڈرز کو بغیر وجہ بتائے مسترد یا قبول کر سکتا ہے۔

(ڈاکٹر عبدالسلام غیاث)

ڈائریکٹر محکمہ صحت گلگت ریجن

فون نمبر: 05811-920381

CamScanner